ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in

آر بی آئی/2019-20/194

ڈی جی بی اے۔جی بی ڈی۔نمبر 1799/42.01.029/2019-20

27 مارچ 2020

سبھی ایجنسی بینکیں

محترم/محترمہ!

سرکاری کھاتوں کی بندی۔مرکزی/ریاستی سرکاروں کا لین دین
موجودہ مالیاتی سال (2019-20) کے لئے خصوصی اقدام

ایجنسی بینکیں سبھی سرکاری لین دین جو مالیاتی سال 2019-20 میں کئے گئے ہیں ان کو اسی مالیاتی سال کے اندر ہی حساب میں لے لیں۔ اس بات کا دھیان رکھتے ہوئے کہ اس وقت کووڈ 19 کی مہلک وبا نے غیر معمولی حالات پیدا کر دیئے ہیں لہٰذا 31 مارچ 2020 تک کے سبھی سرکاری لین دین کو اپنے اکاؤنٹ میں لینے کے لئے اور ان کی رپورٹ کرنے کے لئے مندرجہ ذیل انتظام رکھیں۔

2. سبھی ایجنسی بینکیں اپنی نامزد کی ہوئی برانچوں کو تاکید کریں کہ وہ 31 مارچ 2020 کو سرکاری لین دین سے متعلق معاملات کو نپٹانے کے لئے اپنے کاؤنٹر کھلے رکھیں اور معمول کے مطابق کام کریں۔

3. سرکاری ٹرانزیکشن جو آر ٹی جی ایس کے ذریعہ کیا جاتا ہے یہ نظام توسیع شدہ اوقات تک 31 مارچ 2020 کو کیا جائے گا۔اس کے لئے ادائیگی اور تصفیہ نظام کے شعبہ (ڈی پی ایس ایس)، کو آر بی آئی ضروری ہدایات جاری کر دے گا۔این ای ایف ٹی کے ذریعہ کئے گئے ٹرانزیکشن 31 مارچ 2020 کو رات 12 بجے تک کئے جائیں گے۔

4. سرکاری چیکوں کے کلیکشن کے لئے اسپیشل کلیرنگ کی جائے گی 31 مارچ 2020 کو اس کے لئے آر بی آئی، ڈی پی ایس ایس کو ضروری ہدایات جاری کر دے گا۔

5. مرکزی اور ریاستی سرکاروں کے ٹرانزیکشن کی آر بی آئی کو رپورٹنگ بشمول جی ایس ٹی اپ لوڈنگ/لیگیج فائلوں کی ای۔رسیدیں وغیرہ سے متعلق کام کے لئے 31 مارچ 2020 کو رپورٹنگ کھڑکی کے وقت میں توسیع کی جائے گی اور یہ یکم اپریل 2020 کو دوپہر 12 بجے تک کھلی رہیں گی۔

6. ایجنسی بینکیں اس کا دھیان رکھیں اور ان خاص انتظاموں کے بارے میں اشاعت (پبلسٹی) کریں جیسا کہ پہلے اوپر بتایا گیا ہے۔

آپ کا مخلص

چارولتھا۔ایس۔کر

چیف جنرل منیجر